أَعـوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْـطانِ الرَّجيـم

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربنا تقبل منا، انک انت هو السميع العليم

میں قرآن کو سمجھتا ہوں اور اس کا فہم بتا سکتا ہوں

Topic # 4-13
Qiyamat

I understand Quran and I can inform the meaning of Quran

Sir M. Ameen Sb (Islamabad); 2020-03-30;
Fehme-Quran - 50 Hours

Topic # 4-13
CHAPTER # 13
قیامت
Qiyamat

i. نہ یہ فقہ ہے، اور نہ ہی یہ تفسیر ہے؛ یہ صرف مفہوم ہے، قرآن کو سمجھنے کے لیے!

Topic # 4-13
CHAPTER # 13
قیامت
Qiyamat

(A) INDEX:
(Last Para = ALL)

Surah:	سورۃ:
1. An-Naba (78) : All	1. النباء(78)
2. An-Naziyat (79) : All	2. النازعات(79)
3. Abassa (80) : All	3. عبس(80)
4. At-Takveer (81) : All	4. التکویر(81)
5. Al-Infitaar (82) : All	5. الانفطار(82)
6. Al-Mutafifeen (83) : All	6. المطففین(83)
7. Al-Inshiqaq (84) : All	7. الانشقاق(84)
8. Al-Burooj (85) : All	8. البروج(85)
9. At-Tariq (86) : All	9. الطارق(86)
10. Al-Aala (87) : All	10. الاعلیٰ(87)
11. Al-Ghashiah (88) : All	11. الغاشیہ(88)
12. Al-Fajar (89) : All	12. الفجر(89)
13. Al-Balad (90) : All	13. البلد(90)
14. As-Shams (91) : All	14. الشمس(91)
15. Al-Lail (92) : All	15. اللیل(92)
16. Ad-Duha (93) : All	16. الضحیٰ(93)
17. Al-Sharah (94) : All	17. الم نشرح(94)
18. At-Teen (95) : All	18. التین(95)
19. Al-Alaq (96) : All	19. العلق(96)

20. Al-Qadar (97) : All	20. القدر(97)
21. Al-Bayyinah (98) : All	21. البینہ(98)
22. Al-Zilzaal (99) : All	22. الزلزال(99)
23. Al-Aadiyat (100) : All	23. العادیات(100)
24. Al-Qaariah (101) : All	24. القارعہ(101)
25. At-Takasur (102) : All	25. التکاثر(102)
26. Al-Asar (103) : All	26. العصر(103)
27. Al-Humaza (104) : All	27. الھمزہ(104)
28. Al-Feel (105) : All	28. الفیل(105)
29. Quraish (106) : All	29. قریش(106)
30. Al-Maoon (107) : All	30. الماعون(107)
31. Al-Kausar (108) : All	31. الکوثر(108)
32. Al-Kafiroon (109) : All	32. الکافرون(109)
33. An-Nasr (110) : All	33. النصر(110)
34. Lahab (111) : All (At-Tabat/Al-Massad)	34. لہب(111)
35. Al-Akhlaas (112) : All	35. الاخلاص(112)
36. Al-Falaq (113) : All	36. الفلق(113)
37. An-Naas (114) : All	37. الناس(114)

(B) AYATS:

1. An-Naba (78) : ALL, (The Event)

◙ An-Naba (78) : 1

عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ

[ترجمہ:] یہ لوگ کس چیز کے بارے میں پوچھ گچھ کر رہے ہیں؟

◙ An-Naba (78) : 2

عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ

[ترجمہ:] کیا اُس بڑی خبر کے بارے میں

◙ An-Naba (78) : 3

الَّذِي هُمْ فِيهِ مُخْتَلِفُونَ

[ترجمہ:] جس کے متعلق یہ مختلف چہ میگوئیاں کرنے میں لگے ہوئے ہیں؟

◙ An-Naba (78) : 4

كَلَّا سَيَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، عنقریب اِنہیں معلوم ہو جائیگا

◙ An-Naba (78) : 5

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] ہاں، ہر گز نہیں، عنقریب اِنہیں معلوم ہو جائے گا

◙ An-Naba (78) : 6.

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَادًا

[ترجمہ:] کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ہم نے زمین کو فرش بنایا

◙ An-Naba (78) : 7

وَ الْجِبَالَ أَوْتَادًا

[ترجمہ:] اور پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑ دیا

An-Naba (78) : 8

وَ خَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا

[ترجمہ:] اور تمہیں (مَردوں اور عورتوں کے) جوڑوں کی شکل میں پیدا کیا

An-Naba (78) : 9

وَ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا

[ترجمہ:] اور تمہاری نیند کو باعث سکون بنایا

An-Naba (78) : 10

وَ جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا

[ترجمہ:] اور رات کو پردہ پوش

An-Naba (78) : 11

وَ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا

[ترجمہ:] اور دن کو معاش کا وقت بنایا

An-Naba (78) : 12

وَ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا

[ترجمہ:] اور تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان قائم کیے

An-Naba (78) : 13

وَ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا

[ترجمہ:] اور ایک نہایت روشن اور گرم چراغ پیدا کیا

An-Naba (78) : 14

وَ أَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا

[ترجمہ:] اور بادلوں سے لگاتار بارش برسائی

An-Naba (78) : 15

لِنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا وَنَبَاتًا

[ترجمہ:] تاکہ اس کے ذریعہ سے غلہ اور سبزی

An-Naba (78) : 16

وَ جَنَّاتٍ أَلْفَافًا

[ترجمہ:] اور گھنے باغ اگائیں؟

An-Naba (78) : 17

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا

[ترجمہ:] بے شک فیصلے کا دن ایک مقرر وقت ہے

An-Naba (78) : 18

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا

[ترجمہ:] جس روز صور میں پھونک ماردی جائے گی، تم فوج در فوج نکل آؤ گے

An-Naba (78) : 19

وَ فُتِحَتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا

[ترجمہ:] اور آسمان کھول دیا جائے گا حتیٰ کہ وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا

An-Naba (78) : 20

وَ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا

[ترجمہ:] اور پہاڑ چلائے جائیں گے یہاں تک کہ وہ سراب ہو جائیں گے

An-Naba (78) : 21

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا

[ترجمہ:] درحقیقت جہنم ایک گھات ہے

An-Naba (78) : 22

لِلطَّاغِينَ مَآبًا

[ترجمہ:] سرکشوں کا ٹھکانا

An-Naba (78) : 23

لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا

[ترجمہ:] جس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے

An-Naba (78) : 24

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَ لَا شَرَابًا

[ترجمہ:] اُس کے اندر کسی ٹھنڈک اور پینے کے قابل کسی چیز کا مزہ وہ نہ چکھیں گے

An-Naba (78) : 25

إِلَّا حَمِيمًا وَ غَسَّاقًا

[ترجمہ:] کچھ ملے گا تو بس گرم پانی اور زخموں کا دھوون

An-Naba (78) : 26

جَزَاءً وِفَاقًا

[ترجمہ:] (اُن کے کرتوتوں) کا بھرپور بدلہ

An-Naba (78) : 27

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا

[ترجمہ:] وہ کسی حساب کی توقع نہ رکھتے تھے

An-Naba (78) : 28

وَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا

[ترجمہ:] اور ہماری آیات کو انہوں نے بالکل جھٹلا دیا تھا

An-Naba (78) : 29

وَ كُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا

[ترجمہ:] اور حال یہ تھا کہ ہم نے ہر چیز گن گن کر لکھ رکھی تھی

An-Naba (78) : 30

فَذُوقُوا فَلَنْ نَزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا

[ترجمہ:] اب چکھو مزہ، ہم تمہارے لیے عذاب کے سوا کسی چیز میں ہر گز اضافہ نہ کریں گے

An-Naba (78) : 31

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا

[ترجمہ:] یقیناً متقیوں کے لیے کامرانی کا ایک مقام ہے

An-Naba (78) : 32

حَدَائِقَ وَ أَعْنَابًا

[ترجمہ:] باغ اور انگور

An-Naba (78) : 33

وَ كَوَاعِبَ أَتْرَابًا

[ترجمہ:] اور نوخیز ہم سن لڑکیاں

An-Naba (78) : 34

وَ كَأْسًا دِهَاقًا

[ترجمہ:] اور چھلکتے ہوئے جام

An-Naba (78) : 35

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَ لَا كِذَّابًا

[ترجمہ:] وہاں کوئی لغو اور جھوٹی بات وہ نہ سنیں گے

An-Naba (78) : 36

جَزَاءً مِنْ رَبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا

[ترجمہ:] جزااور کافی انعام تمہارے رب کی طرف سے

An-Naba (78) : 37

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمَنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا

[ترجمہ:] اُس نہایت مہربان خدا کی طرف سے جو زمین اور آسمانوں کا اور ان کے درمیان کی ہر چیز کا مالک ہے جس کے سامنے کسی کو بولنے کا یارا نہیں

An-Naba (78) : 38

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَ الْمَلَائِكَةُ صَفًّا لَا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَ قَالَ صَوَابًا

[ترجمہ:] جس روز روح اور ملائکہ صف بستہ کھڑے ہونگے، کوئی نہ بولے گا سوائے اُس کے جسے رحمٰن اجازت دے اور جو ٹھیک بات کہے

An-Naba (78) : 39

ذَلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ مَآبًا

[ترجمہ:] وہ دن برحق ہے، اب جس کا جی چاہے اپنے رب کی طرف پلٹنے کا راستہ اختیار کر لے

An-Naba (78) : 40

إِنَّا أَنْذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَ يَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا

[ترجمہ:] ہم نے تم لوگوں کو اُس عذاب سے ڈرا دیا ہے جو قریب آ لگا ہے جس روز آدمی وہ سب کچھ دیکھ لے گا جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے، اور کافر پکار اٹھے گا کہ کاش میں خاک ہوتا

2. An-Naziyat (79) : ALL, (The Snatchers)

An-Naziyat (79) : 1

وَ النَّازِعَاتِ غَرْقًا

[ترجمہ:] قسم ہے اُن (فرشتوں کی) جو ڈوب کر کھینچتے ہیں

An-Naziyat (79) : 2

وَ النَّاشِطَاتِ نَشْطًا

[ترجمہ:] اور آہستگی سے نکال لے جاتے ہیں

An-Naziyat (79) : 3

وَ السَّابِحَاتِ سَبْحًا

[ترجمہ:] اور (اُن فرشتوں کی جو کائنات میں) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیں

An-Naziyat (79) : 4

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقًا

[ترجمہ:] پھر (حکم بجالانے میں) سبقت کرتے ہیں

An-Naziyat (79) : 5

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا

[ترجمہ:] پھر (احکام الٰہی کے مطابق) معاملات کا انتظام چلاتے ہیں

An-Naziyat (79) : 6

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ

[ترجمہ:] جس روز ہلا مارے گا زلزلے کا جھٹکا

An-Naziyat (79) : 7

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ

[ترجمہ:] اور اس کے پیچھے ایک اور جھٹکا پڑے گا

An-Naziyat (79) : 8

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ

[ترجمہ:] کچھ دل ہوں گے جو اُس روز خوف سے کانپ رہے ہوں گے

An-Naziyat (79) : 9

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ

[ترجمہ:] نگاہیں اُن کی سہمی ہوئی ہوں گی

An-Naziyat (79) : 10

يَقُولُونَ أَإِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ

[ترجمہ:] یہ لوگ کہتے ہیں "کیا واقعی ہم پلٹا کر پھر واپس لائے جائیں گے ؟

An-Naziyat (79) : 11

أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا نَخِرَةً

[ترجمہ:] کیا جب ہم کھوکھلی بوسیدہ ہڈیاں بن چکے ہوں گے ؟"

An-Naziyat (79) : 12

قَالُوا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ

[ترجمہ:] کہنے لگے "یہ واپسی تو پھر بڑے گھاٹے کی ہو گی !"

An-Naziyat (79) : 13

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ

[ترجمہ:] حالانکہ یہ بس اتنا کام ہے کہ ایک زور کی ڈانٹ پڑے گی

An-Naziyat (79) : 14

فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ

[ترجمہ:] اور یکایک یہ کھلے میدان میں موجود ہوں گے

An-Naziyat (79) : 15

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَى

[ترجمہ:] کیا تمہیں موسیٰؑ کے قصے کی خبر پہنچی ہے ؟

An-Naziyat (79) : 16

إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى

[ترجمہ:] جب اس کے رب نے اُسے طویٰ کی مقدس وادی میں پکارا تھا

An-Naziyat (79) : 17

اذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى

[ترجمہ:] کہ "فرعون کے پاس جا، وہ سرکش ہو گیا ہے

An-Naziyat (79) : 18

فَقُلْ هَلْ لَكَ إِلَى أَنْ تَزَكَّى

[ترجمہ:] اور اس سے کہہ کیا تو اِس کے لیے تیار ہے کہ پاکیزگی اختیار کرے

An-Naziyat (79) : 19

وَ أَهْدِيَكَ إِلَى رَبِّكَ فَتَخْشَى

[ترجمہ:] اور میں تیرے رب کی طرف تیری رہنمائی کروں تو (اُس کا) خوف تیرے اندر پیدا ہو؟"

An-Naziyat (79) : 20

فَأَرَاهُ الْآيَةَ الْكُبْرَى

[ترجمہ:] پھر موسیٰؑ نے (فرعون کے پاس جا کر) اُس کو بڑی نشانی دکھائی

An-Naziyat (79) : 21

فَكَذَّبَ وَعَصَى

[ترجمہ:] مگر اُس نے جھٹلا دیا اور نہ مانا

An-Naziyat (79) : 22

ثُمَّ أَدْبَرَ يَسْعَى

[ترجمہ:] پھر چالبازیاں کرنے کے لیے پلٹا

An-Naziyat (79) : 23

فَحَشَرَ فَنَادَى

[ترجمہ:] اور لوگوں کو جمع کر کے اس نے پکار کر کہا

An-Naziyat (79) : 24

فَقَالَ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَى

[ترجمہ:] "میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں"

An-Naziyat (79) : 25

فَأَخَذَهُ اللَّهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَالْأُولَى

[ترجمہ:] آخر کار اللہ نے اسے آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑ لیا

An-Naziyat (79) : 26

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِمَنْ يَخْشَى

[ترجمہ:] درحقیقت اِس میں بڑی عبرت ہے ہر اُس شخص کے لیے جو ڈرے

An-Naziyat (79) : 27

أَأَنْتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا

[ترجمہ:] کیا تم لوگوں کی تخلیق زیادہ سخت کام ہے یا آسمان کی؟ اللہ نے اُس کو بنایا

An-Naziyat (79) : 28

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا

[ترجمہ:] اُس کی چھت خوب اونچی اٹھائی پھر اُس کا توازن قائم کیا

An-Naziyat (79) : 29

وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا

[ترجمہ:] اور اُس کی رات ڈھانکی اور اُس کا دن نکالا

An-Naziyat (79) : 30

وَ الْأَرْضَ بَعْدَ ذَلِكَ دَحَاهَا

[ترجمہ:] اِس کے بعد زمین کو اس نے بچھایا

An-Naziyat (79) : 31

أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَ مَرْعَاهَا

[ترجمہ:] اُس کے اندر سے اُس کا پانی اور چارہ نکالا

An-Naziyat (79) : 32

وَ الْجِبَالَ أَرْسَاهَا

[ترجمہ:] اور پہاڑ اس میں گاڑ دیے

An-Naziyat (79) : 33

مَتَاعًا لَكُمْ وَ لِأَنْعَامِكُمْ

[ترجمہ:] سامان زیست کے طور پر تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے

An-Naziyat (79) : 34

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَى

[ترجمہ:] پھر جب وہ ہنگامہ عظیم برپا ہو گا

An-Naziyat (79) : 35

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَا سَعَى

[ترجمہ:] جس روز انسان اپنا سب کیا دھرا یاد کرے گا

An-Naziyat (79) : 36

وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَنْ يَرَى

[ترجمہ:] اور ہر دیکھنے والے کے سامنے دوزخ کھول کر رکھ دی جائے گی

An-Naziyat (79) : 37

فَأَمَّا مَنْ طَغَى

[ترجمہ:] تو جس نے سرکشی کی تھی

An-Naziyat (79) : 38

وَ آثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا

[ترجمہ:] اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تھی

An-Naziyat (79) : 39

فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوَى

[ترجمہ:] دوزخ ہی اس کا ٹھکانا ہو گی

An-Naziyat (79) : 40

وَ أَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى

[ترجمہ:] اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے باز رکھا تھا

An-Naziyat (79) : 41

فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى

[ترجمہ:] جنت اس کا ٹھکانا ہو گی

An-Naziyat (79) : 42

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا

[ترجمہ:] یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ "آخر وہ گھڑی کب آکر ٹھیرے گی؟"

An-Naziyat (79) : 43

فِيمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا

[ترجمہ:] تمہارا کیا کام کہ اس کا وقت بتاؤ

An-Naziyat (79) : 44

إِلَى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا

[ترجمہ:] اس کا علم تو اللہ پر ختم ہے

An-Naziyat (79) : 45

إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَخْشَاهَا

[ترجمہ:] تم صرف خبردار کرنے والے ہو ہر اُس شخص کو جو اُس کا خوف کرے

An-Naziyat (79) : 46

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا

[ترجمہ:] جس روز یہ لوگ اسے دیکھ لیں گے تو انہیں یوں محسوس ہو گا کہ (یہ دنیا میں یا حالت موت میں) بس ایک دن کے پچھلے پہر یا اگلے پہر تک ٹھیرے ہیں

3. Abassa (80) : ALL, (He Frowned)

Abassa (80) : 1

عَبَسَ وَتَوَلَّى

[ترجمہ:] ترش رو ہوا، اور بے رخی برتی

Abassa (80) : 2

أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمَى

[ترجمہ:] اِس بات پر کہ وہ اندھا اُس کے پاس آ گیا

Abassa (80) : 3

وَ مَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكَّى

[ترجمہ:] تمہیں کیا خبر، شاید وہ سدھر جائے

Abassa (80) : 4

أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرَى

[ترجمہ:] یا نصیحت پر دھیان دے، اور نصیحت کرنا اس کے لیے نافع ہو؟

Abassa (80) : 5

أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَى

[ترجمہ:] جو شخص بے پروائی برتتا ہے

Abassa (80) : 6

فَأَنْتَ لَهُ تَصَدَّى

[ترجمہ:] اس کی طرف تو تم توجہ کرتے ہو

Abassa (80) : 7

وَ مَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّى

[ترجمہ:] حالانکہ اگر وہ نہ سدھرے تو تم پر اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

Abassa (80) : 8

وَ أَمَّا مَنْ جَاءَكَ يَسْعَى

[ترجمہ:] اور جو خود تمہارے پاس دوڑا آتا ہے

Abassa (80) : 9

وَ هُوَ يَخْشَى

[ترجمہ:] اور وہ ڈر رہا ہوتا ہے

Abassa (80) : 10

فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهَّى

[ترجمہ:] اس سے تم بے رخی برتتے ہو

Abassa (80) : 11

كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، یہ تو ایک نصیحت ہے

Abassa (80) : 12

فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ

[ترجمہ:] جس کا جی چاہے اِسے قبول کرے

Abassa (80) : 13

فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ

[ترجمہ:] یہ ایسے صحیفوں میں درج ہے جو مکرم ہیں

Abassa (80) : 14

مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ

[ترجمہ:] بلند مرتبہ ہیں، پاکیزہ ہیں

Abassa (80) : 15

بِأَيْدِي سَفَرَةٍ

[ترجمہ:] معزز اور نیک کاتبوں کے

Abassa (80) : 16

كِرَامٍ بَرَرَةٍ

[ترجمہ:] ہاتھوں میں رہتے ہیں

Abassa (80) : 17

قُتِلَ الْإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ

[ترجمہ:] لعنت ہو انسان پر، کیسا سخت منکر حق ہے یہ

Abassa (80) : 18

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ

[ترجمہ:] کس چیز سے اللہ نے اِسے پیدا کیا ہے؟

Abassa (80) : 19

مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ

[ترجمہ:] نطفہ کی ایک بوند سے اللہ نے اِسے پیدا کیا، پھر اِس کی تقدیر مقرر کی

Abassa (80) : 20

ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ

[ترجمہ:] پھر اِس کے لیے زندگی کی راہ آسان کی

Abassa (80) : 21

ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ

[ترجمہ:] پھر اِسے موت دی اور قبر میں پہنچایا

Abassa (80) : 22

ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ

[ترجمہ:] پھر جب چاہے وہ اِسے دوبارہ اٹھا کھڑا کرے

Abassa (80) : 23

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، اِس نے وہ فرض ادا نہیں کیا جس کا اللہ نے اِسے حکم دیا تھا

Abassa (80) : 24

فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَى طَعَامِهِ

[ترجمہ:] پھر ذرا انسان اپنی خوراک کو دیکھے

Abassa (80) : 25

أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا

[ترجمہ:] ہم نے خوب پانی لنڈھایا

Abassa (80) : 26

ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا

[ترجمہ:] پھر زمین کو عجیب طرح پھاڑا

Abassa (80) : 27

فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا

[ترجمہ:] پھر اُس کے اندر اگائے غلے

Abassa (80) : 28

وَ عِنَبًا وَ قَضْبًا

[ترجمہ:] اور انگور اور ترکاریاں

Abassa (80) : 29

وَ زَيْتُونًا وَ نَخْلًا

[ترجمہ:] اور زیتون اور کھجوریں

Abassa (80) : 30

وَ حَدَائِقَ غُلْبًا

[ترجمہ:] اور گھنے باغ

Abassa (80) : 31

وَ فَاكِهَةً وَ أَبًّا

[ترجمہ:] اور طرح طرح کے پھل، اور چارے

Abassa (80) : 32

مَتَاعًا لَكُمْ وَ لِأَنْعَامِكُمْ

[ترجمہ:] تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے سامان زیست کے طور پر

Abassa (80) : 33

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ

[ترجمہ:] آخر کار جب وہ کان بہرے کر دینے والی آواز بلند ہو گی

Abassa (80) : 34

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ

[ترجمہ:] اُس روز آدمی اپنے بھائی

Abassa (80) : 35

وَ أُمِّهِ وَ أَبِيهِ

[ترجمہ:] اور اپنی ماں اور اپنے باپ

Abassa (80) : 36

وَ صَاحِبَتِهِ وَ بَنِيهِ

[ترجمہ:] اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا

Abassa (80) : 37

لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ

[ترجمہ:] ان میں سے ہر شخص پر اس دن ایسا وقت آپڑے گا کہ اسے اپنے سوا کسی کا ہوش نہ ہو گا

Abassa (80) : 38

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُسْفِرَةٌ

[ترجمہ:] کچھ چہرے اُس روز دمک رہے ہوں گے

Abassa (80) : 39

ضَاحِكَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ

[ترجمہ:] ہشاش بشاش اور خوش و خرم ہوں گے

◙ Abassa (80) : 40

وَ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ

[ترجمہ:] اور کچھ چہروں پر اس روز خاک اڑ رہی ہو گی

◙ Abassa (80) : 41

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ

[ترجمہ:] اور کلونس چھائی ہوئی ہو گی

◙ Abassa (80) : 42

أُولَئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ

[ترجمہ:] یہی کافر و فاجر لوگ ہوں گے

4. At-Takveer (81) : ALL, (The Rolling)

◙ At-Takveer (81) : 1

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

[ترجمہ:] جب سورج لپیٹ دیا جائے گا

◙ At-Takveer (81) : 2

وَ إِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ

[ترجمہ:] اور جب تارے بکھر جائیں گے

◙ At-Takveer (81) : 3

وَ إِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ

[ترجمہ:] اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے

◙ At-Takveer (81) : 4

وَ إِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ

[ترجمہ:] اور جب دس مہینے کی حاملہ اونٹنیاں اپنے حال پر چھوڑ دی جائیں گی

At-Takveer (81) : 5

وَ إِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ

[ترجمہ:] اور جب جنگلی جانور سمیٹ کر اکٹھے کر دیے جائیں گے

At-Takveer (81) : 6

وَ إِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ

[ترجمہ:] اور جب سمندر بھڑکا دیے جائیں گے

At-Takveer (81) : 7

وَ إِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ

[ترجمہ:] اور جب جانیں (جسموں سے) جوڑ دی جائیں گی

At-Takveer (81) : 8

وَ إِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ

[ترجمہ:] اور جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گا

At-Takveer (81) : 9

بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ

[ترجمہ:] کہ وہ کس قصور میں ماری گئی؟

At-Takveer (81) : 10

وَ إِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ

[ترجمہ:] اور جب اعمال نامے کھولے جائیں گے

At-Takveer (81) : 11

وَ إِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ

[ترجمہ:] اور جب آسمان کا پردہ ہٹا دیا جائے گا

At-Takveer (81) : 12

وَ إِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ

[ترجمہ:] اور جب جہنم دہکائی جائے گی

At-Takveer (81) : 13

وَ إِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ

[ترجمہ:] اور جب جنت قریب لے آئی جائے گی

At-Takveer (81) : 14

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا أَحْضَرَتْ

[ترجمہ:] اُس وقت ہر شخص کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے

At-Takveer (81) : 15

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ

[ترجمہ:] پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں

At-Takveer (81) : 16

الْجَوَارِ الْكُنَّسِ

[ترجمہ:] پلٹنے اور چھپ جانے والے تاروں کی

At-Takveer (81) : 17

وَ اللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ

[ترجمہ:] اور رات کی جبکہ وہ رخصت ہوئی

At-Takveer (81) : 18

وَ الصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ

[ترجمہ:] اور صبح کی جبکہ اس نے سانس لیا

At-Takveer (81) : 19

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ

[ترجمہ:] یہ فی الواقع ایک بزرگ پیغام بر کا قول ہے

At-Takveer (81) : 20

ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ

[ترجمہ:] جو بڑی توانائی رکھتا ہے، عرش والے کے ہاں بلند مرتبہ ہے

At-Takveer (81) : 21

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ

[ترجمہ:] وہاں اُس کا حکم مانا جاتا ہے، وہ بااعتماد ہے

At-Takveer (81) : 22

وَ مَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ

[ترجمہ:] اور (اے اہل مکہ) تمہارا رفیق مجنون نہیں ہے

At-Takveer (81) : 23

وَ لَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ

[ترجمہ:] اُس نے اُس پیغام بر کو روشن افق پر دیکھا ہے

At-Takveer (81) : 24

وَ مَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ

[ترجمہ:] اور وہ غیب (کے اِس علم کو لوگوں تک پہنچانے) کے معاملے میں بخیل نہیں ہے

At-Takveer (81) : 25

وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ

[ترجمہ:] اور یہ کسی شیطان مردود کا قول نہیں ہے

At-Takveer (81) : 26

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ

[ترجمہ:] پھر تم لوگ کدھر چلے جا رہے ہو؟

At-Takveer (81) : 27

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ تو سارے جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے

At-Takveer (81) : 28

لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ

[ترجمہ:] تم میں سے ہر اُس شخص کے لیے جو راہ راست پر چلنا چاہتا ہو

At-Takveer (81) : 29

وَ مَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] اور تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ رب العالمین نہ چاہے

5. Al-Infitaar (82) : ALL, (The Shattering)

Al-Infitaar (82) : 1

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ

[ترجمہ:] جب آسمان پھٹ جائے گا

Al-Infitaar (82) : 2

وَ إِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ

[ترجمہ:] اور جب تارے بکھر جائیں گے

Al-Infitaar (82) : 3

وَ إِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ

[ترجمہ:] اور جب سمندر پھاڑ دیے جائیں گے

Al-Infitaar (82) : 4

وَ إِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ

[ترجمہ:] اور جب قبریں کھول دی جائیں گی

Al-Infitaar (82) : 5

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ

[ترجمہ:] اُس وقت ہر شخص کو اُس کا اگلا پچھلا سب کیا دھرا معلوم ہو جائے گا

Al-Infitaar (82) : 6

يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ

[ترجمہ:] اے انسان، کس چیز نے تجھے اپنے اُس رب کریم کی طرف سے دھوکے میں ڈال دیا

Al-Infitaar (82) : 7

الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ

[ترجمہ:] جس نے تجھے پیدا کیا، تجھے نک سک سے درست کیا، تجھے متناسب بنایا

Al-Infitaar (82) : 8

فِي أَيِّ صُورَةٍ مَا شَاءَ رَكَّبَكَ

[ترجمہ:] اور جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ کر تیار کیا؟

Al-Infitaar (82) : 9

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) تم لوگ جزا و سزا کو جھٹلاتے ہو

Al-Infitaar (82) : 10

وَ إِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ

[ترجمہ:] حالانکہ تم پر نگراں مقرر ہیں

Al-Infitaar (82) : 11

كِرَامًا كَاتِبِينَ

[ترجمہ:] ایسے معزز کاتب

Al-Infitaar (82) : 12

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ

[ترجمہ:] جو تمہارے ہر فعل کو جانتے ہیں

Al-Infitaar (82) : 13

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ

[ترجمہ:] یقیناً نیک لوگ مزے میں ہوں گے

Al-Infitaar (82) : 14

وَ إِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ

[ترجمہ:] اور بے شک بدکار لوگ جہنم میں جائیں گے

Al-Infitaar (82) : 15

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ

[ترجمہ:] جزا کے دن وہ اس میں داخل ہوں گے

Al-Infitaar (82) : 16

وَ مَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ

[ترجمہ:] اور اُس سے ہر گز غائب نہ ہو سکیں گے

Al-Infitaar (82) : 17

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ

[ترجمہ:] اور تم کیا جانتے ہو کہ وہ جزا کا دن کیا ہے؟

◙ Al-Infitaar (82) : 18

ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ

[ترجمہ:] ہاں، تمہیں کیا خبر کہ وہ جزا کا دن کیا ہے؟

◙ Al-Infitaar (82) : 19

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَيْئًا وَ الْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلّٰهِ

[ترجمہ:] یہ وہ دن ہے جب کسی شخص کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہو گا، فیصلہ اُس دن بالکل اللہ کے اختیار میں ہو گا

6. Al-Mutafifeen (83) : ALL, (The Defrauders)

◙ Al-Mutafifeen (83) : 1

وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ

[ترجمہ:] تباہی ہے ڈنڈی مارنے والوں کے لیے

◙ Al-Mutafifeen (83) : 2

الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ

[ترجمہ:] جن کا حال یہ ہے کہ جب لوگوں سے لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں

◙ Al-Mutafifeen (83) : 3

وَ إِذَا كَالُوهُمْ أَوْ وَزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ

[ترجمہ:] اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو انہیں گھاٹا دیتے ہیں

◙ Al-Mutafifeen (83) : 4

أَلَا يَظُنُّ أُولَئِكَ أَنَّهُمْ مَبْعُوثُونَ

[ترجمہ:] کیا یہ لوگ نہیں سمجھتے کہ ایک بڑے دن،

◙ Al-Mutafifeen (83) : 5

لِيَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] یہ اٹھا کر لائے جانے والے ہیں؟

Al-Mutafifeen (83) : 6

يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] اُس دن جبکہ سب لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے

Al-Mutafifeen (83) : 7

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، یقیناً بدکاروں کا نامہ اعمال قید خانے کے دفتر میں ہے

Al-Mutafifeen (83) : 8

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌ

[ترجمہ:] اور تمہیں کیا معلوم کہ وہ قید خانے کا دفتر کیا ہے؟

Al-Mutafifeen (83) : 9

كِتَابٌ مَرْقُومٌ

[ترجمہ:] ایک کتاب ہے لکھی ہوئی

Al-Mutafifeen (83) : 10

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ

[ترجمہ:] تباہی ہے اُس روز جھٹلانے والوں کے لیے

Al-Mutafifeen (83) : 11

الَّذِينَ يُكَذِّبُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ

[ترجمہ:] جو روز جزا کو جھٹلاتے ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 12

وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ

[ترجمہ:] اور اُسے نہیں جھٹلاتا مگر ہر وہ شخص جو حد سے گزر جانے والا بد عمل ہے

Al-Mutafifeen (83) : 13

إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] اُسے جب ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے وقتوں کی کہانیاں ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 14

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَى قُلُوبِهِمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بلکہ دراصل اِن لوگوں کے دلوں پر اِن کے برے اعمال کا زنگ چڑھ گیا ہے

Al-Mutafifeen (83) : 15

كَلَّا إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوبُونَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بالیقین اُس روز یہ اپنے رب کی دید سے محروم رکھے جائیں گے

Al-Mutafifeen (83) : 16

ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ

[ترجمہ:] پھر یہ جہنم میں جا پڑیں گے

Al-Mutafifeen (83) : 17

ثُمَّ يُقَالُ هَذَا الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ

[ترجمہ:] پھر اِن سے کہا جائے گا کہ یہ وہی چیز ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے

Al-Mutafifeen (83) : 18

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بے شک نیک آدمیوں کا نامہ اعمال بلند پایہ لوگوں کے دفتر میں ہے

Al-Mutafifeen (83) : 19

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ

[ترجمہ:] اور تمہیں کیا خبر کہ کیا ہے وہ بلند پایہ لوگوں کا دفتر؟

Al-Mutafifeen (83) : 20

كِتَابٌ مَرْقُومٌ

[ترجمہ:] ایک لکھی ہوئی کتاب ہے

Al-Mutafifeen (83) : 21

يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ

[ترجمہ:] جس کی نگہداشت مقرب فرشتے کرتے ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 22

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ

[ترجمہ:] بے شک نیک لوگ بڑے مزے میں ہوں گے

Al-Mutafifeen (83) : 23

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ

[ترجمہ:] اونچی مسندوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گے

Al-Mutafifeen (83) : 24

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ

[ترجمہ:] ان کے چہروں پر تم خوشحالی کی رونق محسوس کرو گے

Al-Mutafifeen (83) : 25

يُسْقَوْنَ مِنْ رَحِيقٍ مَخْتُومٍ

[ترجمہ:] ان کو نفیس ترین سربند شراب پلائی جائے گی جس پر مشک کی مہر لگی ہو گی

Al-Mutafifeen (83) : 26

خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ

[ترجمہ:] جو لوگ دوسروں پر بازی لے جانا چاہتے ہوں وہ اِس چیز کو حاصل کرنے میں بازی لے جانے کی کوشش کریں

Al-Mutafifeen (83) : 27

وَ مِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيمٍ

[ترجمہ:] اُس شراب میں تسنیم کی آمیزش ہو گی

Al-Mutafifeen (83) : 28

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ

[ترجمہ:] یہ ایک چشمہ ہے جس کے پانی کے ساتھ مقرب لوگ شراب پئیں گے

Al-Mutafifeen (83) : 29

إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ

[ترجمہ:] مجرم لوگ دنیا میں ایمان لانے والوں کا مذاق اڑاتے تھے

Al-Mutafifeen (83) : 30

وَ إِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ

[ترجمہ:] جب اُن کے پاس سے گزرتے تو آنکھیں مار مار کر اُن کی طرف اشارے کرتے تھے

Al-Mutafifeen (83) : 31

وَ إِذَا انْقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا فَكِهِينَ

[ترجمہ:] اپنے گھروں کی طرف پلٹتے تو مزے لیتے ہوئے پلٹتے تھے

Al-Mutafifeen (83) : 32

وَ إِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَؤُلَاءِ لَضَالُّونَ

[ترجمہ:] اور جب انہیں دیکھتے تو کہتے تھے کہ یہ بہکے ہوئے لوگ ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 33

وَ مَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ

[ترجمہ:] حالانکہ وہ اُن پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے

Al-Mutafifeen (83) : 34

فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ

[ترجمہ:] آج ایمان لانے والے کفار پر ہنس رہے ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 35

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ

[ترجمہ:] مسندوں پر بیٹھے ہوئے ان کا حال دیکھ رہے ہیں

Al-Mutafifeen (83) : 36

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ

[ترجمہ:] مل گیا نا کافروں کو اُن حرکتوں کا ثواب جو وہ کیا کرتے تھے

7. Al-Inshiqaq (84) : ALL, (The Rupture)

Al-Inshiqaq (84) : 1

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

[ترجمہ:] جب آسمان پھٹ جائے گا

Al-Inshiqaq (84) : 2

وَ أَ ذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ

[ترجمہ:] اور اپنے رب کے فرمان کی تعمیل کرے گا اور اُس کے لیے حق یہی ہے (کہ اپنے رب کا حکم مانے)

Al-Inshiqaq (84) : 3

وَ إِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ

[ترجمہ:] اور جب زمین پھیلا دی جائے گی

Al-Inshiqaq (84) : 4

وَ أَلْقَتْ مَا فِيهَا وَ تَخَلَّتْ

[ترجمہ:] اور جو کچھ اس کے اندر ہے اُسے باہر پھینک کر خالی ہو جائے گی

Al-Inshiqaq (84) : 5

وَ أَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ

[ترجمہ:] اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کرے گی اور اُس کے لیے حق یہی ہے (کہ اس کی تعمیل کرے)

Al-Inshiqaq (84) : 6

يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ

[ترجمہ:] اے انسان، تو کشاں کشاں اپنے رب کی طرف چلا جا رہا ہے، اور اُس سے ملنے والا ہے

Al-Inshiqaq (84) : 7

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ

[ترجمہ:] پھر جس کا نامہ اعمال اُس کے سیدھے ہاتھ میں دیا گیا

Al-Inshiqaq (84) : 8

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا

[ترجمہ:] اُس سے ہلکا حساب لیا جائے گا

Al-Inshiqaq (84) : 9

وَ يَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُورًا

[ترجمہ:] اور وہ اپنے لوگوں کی طرف خوش خوش پلٹے گا

Al-Inshiqaq (84) : 10

وَ أَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ

[ترجمہ:] رہا وہ شخص جس کا نامہ اعمال اُس کی پیٹھ کے پیچھے دیا جائے گا

Al-Inshiqaq (84) : 11

فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا

[ترجمہ:] تو وہ موت کو پکارے گا

Al-Inshiqaq (84) : 12

وَ يَصْلَى سَعِيرًا

[ترجمہ:] اور بھڑکتی ہوئی آگ میں جا پڑے گا

Al-Inshiqaq (84) : 13

إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا

[ترجمہ:] وہ اپنے گھر والوں میں مگن تھا

Al-Inshiqaq (84) : 14

إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَنْ يَحُورَ

[ترجمہ:] اُس نے سمجھا تھا کہ اسے کبھی پلٹنا نہیں ہے

Al-Inshiqaq (84) : 15

بَلَى إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيرًا

[ترجمہ:] پلٹنا کیسے نہ تھا، اُس کا رب اُس کے کرتوت دیکھ رہا تھا

Al-Inshiqaq (84) : 16

فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ

[ترجمہ:] پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں شفق کی

Al-Inshiqaq (84) : 17

وَ اللَّيْلِ وَ مَا وَسَقَ

[ترجمہ:] اور رات کی اور جو کچھ وہ سمیٹ لیتی ہے

Al-Inshiqaq (84) : 18

وَ الْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ

[ترجمہ:] اور چاند کی جب کہ وہ ماہ کامل ہو جاتا ہے

Al-Inshiqaq (84) : 19

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ

[ترجمہ:] تم کو ضرور درجہ بدرجہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف گزرتے چلے جانا ہے

Al-Inshiqaq (84) : 20

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] پھر اِن لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ یہ ایمان نہیں لاتے

Al-Inshiqaq (84) : 21

وَ إِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ

[ترجمہ:] اور جب قرآن اِن کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے ؟

Al-Inshiqaq (84) : 22

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ

[ترجمہ:] بلکہ یہ منکرین تو الٹا جھٹلاتے ہیں

Al-Inshiqaq (84) : 23

وَ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ

[ترجمہ:] حالانکہ جو کچھ یہ (اپنے نامہ اعمال میں) جمع کر رہے ہیں اللہ اُسے خوب جانتا ہے

Al-Inshiqaq (84) : 24

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

[ترجمہ:] لہٰذا اِن کو دردناک عذاب کی بشارت دے دو

Al-Inshiqaq (84) : 25

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ

[ترجمہ:] البتہ جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور جنہوں نے نیک عمل کیے ہیں ان کے لیے کبھی ختم نہ ہونے والا اجر ہے

8. Al-Burooj (85) : ALL, [The Constellations]

Al-Burooj (85) : 1

وَ السَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ

[ترجمہ:] قسم ہے مضبوط قلعوں والے آسمان کی

Al-Burooj (85) : 2

وَ الْيَوْمِ الْمَوْعُودِ

[ترجمہ:] اور اُس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے

Al-Burooj (85) : 3

وَ شَاهِدٍ وَ مَشْهُودٍ

[ترجمہ:] اور دیکھنے والے کی اور دیکھی جانے والی چیز کی

Al-Burooj (85) : 4

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ

[ترجمہ:] کہ مارے گئے گڑھے والے

Al-Burooj (85) : 5

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ

[ترجمہ:] (اُس گڑھے والے) جس میں خوب بھڑکتے ہوئے ایندھن کی آگ تھی

Al-Burooj (85) : 6

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ

[ترجمہ:] جبکہ وہ اُس گڑھے کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے

Al-Burooj (85) : 7

وَ هُمْ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ

[ترجمہ:] اور جو کچھ وہ ایمان لانے والوں کے ساتھ کر رہے تھے اُسے دیکھ رہے تھے

Al-Burooj (85) : 8

وَ مَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ

[ترجمہ:] اور اُن اہل ایمان سے اُن کی دشمنی اِس کے سوا کسی وجہ سے نہ تھی کہ وہ اُس خدا پر ایمان لے آئے تھے جو زبردست اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے

Al-Burooj (85) : 9

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ وَ اللهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ

[ترجمہ:] جو آسمانوں اور زمین کی سلطنت کا مالک ہے، اور وہ خدا سب کچھ دیکھ رہا ہے

Al-Burooj (85) : 10

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ

[ترجمہ:] جن لوگوں نے مومن مردوں اور عورتوں پر ظلم و ستم توڑا اور پھر اس سے تائب نہ ہوئے، یقیناً اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے

Al-Burooj (85) : 11

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ

[ترجمہ:] جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے، یقیناً اُن کے لیے جنت کے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ ہے بڑی کامیابی

Al-Burooj (85) : 12

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ

[ترجمہ:] درحقیقت تمہارے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے

Al-Burooj (85) : 13

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيدُ

[ترجمہ:] وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا

Al-Burooj (85) : 14

وَ هُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ

[ترجمہ:] اور وہ بخشنے والا ہے، محبت کرنے والا ہے

Al-Burooj (85) : 15

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ

[ترجمہ:] عرش کا مالک ہے، بزرگ و برتر ہے

Al-Burooj (85) : 16

فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ

[ترجمہ:] اور جو کچھ چاہے کر ڈالنے والا ہے

Al-Burooj (85) : 17

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ

[ترجمہ:] کیا تمہیں لشکروں کی خبر پہنچی ہے؟

Al-Burooj (85) : 18

فِرْعَوْنَ وَ ثَمُودَ

[ترجمہ:] فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کی؟

Al-Burooj (85) : 19

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ

[ترجمہ:] مگر جنہوں نے کفر کیا ہے وہ جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں

Al-Burooj (85) : 20

وَ اللّٰهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ

[ترجمہ:] حالانکہ اللہ نے ان کو گھیرے میں لے رکھا ہے

◙ Al-Burooj (85) : 21

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ

[ترجمہ:] (اُن کے جھٹلانے سے اِس قرآن کا کچھ نہیں بگڑتا) بلکہ یہ قرآن بلند پایہ ہے

◙ Al-Burooj (85) : 22

فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ

[ترجمہ:] اُس لوح میں (نقش ہے) جو محفوظ ہے

9. At-Tariq (86) : ALL, [The Nightly Visitor]

◙ At-Tariq (86) : 1

وَ السَّمَاءِ وَ الطَّارِقِ

[ترجمہ:] قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار ہونے والے کی

◙ At-Tariq (86) : 2

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ

[ترجمہ:] اور تم کیا جانو کہ وہ رات کو نمودار ہونے والا کیا ہے؟

◙ At-Tariq (86) : 3

النَّجْمُ الثَّاقِبُ

[ترجمہ:] چمکتا ہوا تارا

◙ At-Tariq (86) : 4

إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ

[ترجمہ:] کوئی جان ایسی نہیں ہے جس کے اوپر کوئی نگہبان نہ ہو

◙ At-Tariq (86) : 5

فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ

[ترجمہ:] پھر ذرا انسان یہی دیکھ لے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے

At-Tariq (86) : 6

خُلِقَ مِنْ مَاءٍ دَافِقٍ

[ترجمہ:] ایک اچھلنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے

At-Tariq (86) : 7

يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَ التَّرَائِبِ

[ترجمہ:] جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے

At-Tariq (86) : 8

إِنَّهُ عَلَى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ

[ترجمہ:] یقیناً وہ (خالق) اُسے دوبارہ پیدا کرنے پر قادر ہے

At-Tariq (86) : 9

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ

[ترجمہ:] جس روز پوشیدہ اسرار کی جانچ پڑتال ہو گی

At-Tariq (86) : 10

فَمَا لَهُ مِنْ قُوَّةٍ وَ لَا نَاصِرٍ

[ترجمہ:] اُس وقت انسان کے پاس نہ خود اپنا کوئی زور ہو گا اور نہ کوئی اس کی مدد کرنے والا ہو گا

At-Tariq (86) : 11

وَ السَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ

[ترجمہ:] قسم ہے بارش برسانے والے آسمان کی

At-Tariq (86) : 12

وَ الْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ

[ترجمہ:] اور (نباتات اگتے وقت) پھٹ جانے والی زمین کی

At-Tariq (86) : 13

إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ

[ترجمہ:] یہ ایک جچی تلی بات ہے

At-Tariq (86) : 14

وَ مَا هُوَ بِالْهَزْلِ

[ترجمہ:] ہنسی مذاق نہیں ہے

At-Tariq (86) : 15

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا

[ترجمہ:] یہ لوگ چالیں چل رہے ہیں

At-Tariq (86) : 16

وَ أَكِيدُ كَيْدًا

[ترجمہ:] اور میں بھی ایک چال چل رہا ہوں

At-Tariq (86) : 17

فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

[ترجمہ:] پس چھوڑ دو اے نبیؐ، اِن کافروں کو اک ذرا کی ذرا اِن کے حال پر چھوڑ دو

10. Al-Aala (87) : ALL, [The Most High]

Al-Aala (87) : 1

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى

[ترجمہ:] (اے نبیؐ) اپنے رب برتر کے نام کی تسبیح کرو

Al-Aala (87) : 2

الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى

[ترجمہ:] جس نے پیدا کیا اور تناسب قائم کیا

Al-Aala (87) : 3

وَ الَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى

[ترجمہ:] جس نے تقدیر بنائی پھر راہ دکھائی

Al-Aala (87) : 4

وَ الَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعَى

[ترجمہ:] جس نے نباتات اگائیں

Al-Aala (87) : 5

فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوَى

[ترجمہ:] پھر اُن کو سیاہ کوڑا کرکٹ بنا دیا

Al-Aala (87) : 6

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسَى

[ترجمہ:] ہم تمہیں پڑھوا دیں گے، پھر تم نہیں بھولو گے

Al-Aala (87) : 7

إِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَ مَا يَخْفَى

[ترجمہ:] سوائے اُس کے جو اللہ چاہے، وہ ظاہر کو بھی جانتا ہے اور جو کچھ پوشیدہ ہے اُس کو بھی

Al-Aala (87) : 8

وَ نُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَى

[ترجمہ:] اور ہم تمہیں آسان طریقے کی سہولت دیتے ہیں

Al-Aala (87) : 9

فَذَكِّرْ إِنْ نَفَعَتِ الذِّكْرَى

[ترجمہ:] لہٰذا تم نصیحت کرو اگر نصیحت نافع ہو

Al-Aala (87) : 10

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَخْشَى

[ترجمہ:] جو شخص ڈرتا ہے وہ نصیحت قبول کرلے گا

Al-Aala (87) : 11

وَ يَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى

[ترجمہ:] اور اس سے گریز کریگا وہ انتہائی بد بخت

Al-Aala (87) : 12

الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى

[ترجمہ:] جو بڑی آگ میں جائے گا

Al-Aala (87) : 13

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَ لَا يَحْيَى

[ترجمہ:] پھر نہ اس میں مرے گا نہ جیے گا

Al-Aala (87) : 14

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى

[ترجمہ:] فلاح پا گیا وہ جس نے پاکیزگی اختیار کی

Al-Aala (87) : 15

وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى

[ترجمہ:] اور اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑھی

Al-Aala (87) : 16

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا

[ترجمہ:] مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو

◙ Al-Aala (87) : 17

وَ الْآخِرَةُ خَيْرٌ وَ أَبْقَى

[ترجمہ:] حالانکہ آخرت بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے

◙ Al-Aala (87) : 18

إِنَّ هَذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى

[ترجمہ:] یہی بات پہلے آئے ہوئے صحیفوں میں بھی کہی گئی تھی

◙ Al-Aala (87) : 19

صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَ مُوسَى

[ترجمہ:] ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں

11. Al-Ghashiya (88) : ALL, [The Overwhelming]

◙ Al-Ghashiya (88) : 1

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ

[ترجمہ:] کیا تمہیں اُس چھا جانے والی آفت کی خبر پہنچی ہے؟

◙ Al-Ghashiya (88) : 2

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ

[ترجمہ:] کچھ چہرے اُس روز خوف زدہ ہونگے

◙ Al-Ghashiya (88) : 3

عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ

[ترجمہ:] سخت مشقت کر رہے ہونگے

◙ Al-Ghashiya (88) : 4

تَصْلَى نَارًا حَامِيَةً

[ترجمہ:] تھکے جاتے ہونگے، شدید آگ میں جھلس رہے ہونگے

Al-Ghashiya (88) : 5

تُسْقَى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ

[ترجمہ:] کھولتے ہوئے چشمے کا پانی انہیں پینے کو دیا جائے گا

Al-Ghashiya (88) : 6

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيعٍ

[ترجمہ:] خاردار سوکھی گھاس کے سوا کوئی کھانا اُن کے لیے نہ ہوگا

Al-Ghashiya (88) : 7

لَا يُسْمِنُ وَ لَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ

[ترجمہ:] جو نہ موٹا کرے نہ بھوک مٹائے

Al-Ghashiya (88) : 8

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاعِمَةٌ

[ترجمہ:] کچھ چہرے اُس روز بارونق ہوں گے

Al-Ghashiya (88) : 9

لِسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ

[ترجمہ:] اپنی کارگزاری پر خوش ہونگے

Al-Ghashiya (88) : 10

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ

[ترجمہ:] عالی مقام جنت میں ہوں گے

Al-Ghashiya (88) : 11

لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً

[ترجمہ:] کوئی بیہودہ بات وہاں نہ سنیں گے

Al-Ghashiya (88) : 12

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ

[ترجمہ:] اُس میں چشمے رواں ہونگے

Al-Ghashiya (88) : 13

فِيهَا سُرُرٌ مَرْفُوعَةٌ

[ترجمہ:] اُس کے اندر اونچی مسندیں ہوں گی

Al-Ghashiya (88) : 14

وَ أَكْوَابٌ مَوْضُوعَةٌ

[ترجمہ:] ساغر رکھے ہوئے ہوں گے

Al-Ghashiya (88) : 15

وَ نَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ

[ترجمہ:] گاؤ تکیوں کی قطاریں لگی ہوں گی

Al-Ghashiya (88) : 16

وَ زَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ

[ترجمہ:] اور نفیس فرش بچھے ہوئے ہوں گے

Al-Ghashiya (88) : 17

أَفَلَا يَنْظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ

[ترجمہ:] (یہ لوگ نہیں مانتے) تو کیا یہ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ کیسے بنائے گئے ؟

Al-Ghashiya (88) : 18

وَ إِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ

[ترجمہ:] آسمان کو نہیں دیکھتے کہ کیسے اٹھایا گیا؟

Al-Ghashiya (88) : 19

وَ إِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ

[ترجمہ:] پہاڑوں کو نہیں دیکھتے کہ کیسے جمائے گئے ؟

Al-Ghashiya (88) : 20

وَ إِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ

[ترجمہ:] اور زمین کو نہیں دیکھتے کہ کیسے بچھائی گئی ؟

Al-Ghashiya (88) : 21

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ

[ترجمہ:] اچھا تو (اے نبیؐ) نصیحت کیے جاؤ، تم بس نصیحت ہی کرنے والے ہو

Al-Ghashiya (88) : 22

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ

[ترجمہ:] کچھ ان پر جبر کرنے والے نہیں ہو

Al-Ghashiya (88) : 23

إِلَّا مَنْ تَوَلَّى وَ كَفَرَ

[ترجمہ:] البتہ جو شخص منہ موڑے گا اور انکار کرے گا

Al-Ghashiya (88) : 24

فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ

[ترجمہ:] تو اللہ اس کو بھاری سزا دے گا

Al-Ghashiya (88) : 25

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ

[ترجمہ:] اِن لوگوں کو پلٹنا ہماری طرف ہی ہے

Al-Ghashiya (88) : 26

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ

[ترجمہ:] پھر اِن کا حساب لینا ہمارے ہی ذمہ ہے

12. Al-Fajar (89) : ALL, [The Dawn]

Al-Fajar (89) : 1

وَ الْفَجْرِ

[ترجمہ:] قسم ہے فجر کی

Al-Fajar (89) : 2

وَ لَيَالٍ عَشْرٍ

[ترجمہ:] اور دس راتوں کی

Al-Fajar (89) : 3

وَ الشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ

[ترجمہ:] اور جفت اور طاق کی

Al-Fajar (89) : 4

وَ اللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ

[ترجمہ:] اور رات کی جبکہ وہ رخصت ہو رہی ہو

Al-Fajar (89) : 5

هَلْ فِي ذَلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ

[ترجمہ:] کیا اِس میں کسی صاحب عقل کے لیے کوئی قسم ہے؟

Al-Fajar (89) : 6

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ

[ترجمہ:] تم نے دیکھا نہیں کہ تمہارے رب نے کیا برتاؤ کیا

Al-Fajar (89) : 7

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ

[ترجمہ:] اونچے ستونوں والے عاد ارم کے ساتھ

Al-Fajar (89) : 8

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ

[ترجمہ:] جن کے مانند کوئی قوم دنیا کے ملکوں میں پیدا نہیں کی گئی تھی؟

Al-Fajar (89) : 9

وَ ثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ

[ترجمہ:] اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے وادی میں چٹانیں تراشی تھیں؟

Al-Fajar (89) : 10

وَ فِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ

[ترجمہ:] اور میخوں والے فرعون کے ساتھ؟

Al-Fajar (89) : 11

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ

[ترجمہ:] یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے دنیا کے ملکوں میں بڑی سرکشی کی تھی

Al-Fajar (89) : 12

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ

[ترجمہ:] اور ان میں بہت فساد پھیلایا تھا

Al-Fajar (89) : 13

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ

[ترجمہ:] آخر کار تمہارے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسا دیا

Al-Fajar (89) : 14

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب گھات لگائے ہوئے ہے

Al-Fajar (89) : 15

فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَ نَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ

[ترجمہ:] مگر انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا رب جب اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اُسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دار بنا دیا

Al-Fajar (89) : 16

وَ أَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ

[ترجمہ:] اور جب وہ اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اُس کا رزق اُس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا

Al-Fajar (89) : 17

كَلَّا بَلْ لَا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بلکہ تم یتیم سے عزت کا سلوک نہیں کرتے

Al-Fajar (89) : 18

وَ لَا تَحَاضُّونَ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ

[ترجمہ:] اور مسکین کو کھانا کھلانے پر ایک دوسرے کو نہیں اکساتے

Al-Fajar (89) : 19

وَ تَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَمًّا

[ترجمہ:] اور میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو

Al-Fajar (89) : 20

وَ تُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا

[ترجمہ:] اور مال کی محبت میں بری طرح گرفتار ہو

Al-Fajar (89) : 21

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، جب زمین پے در پے کوٹ کوٹ کر ریگ زار بنادی جائے گی

Al-Fajar (89) : 22

وَ جَاءَ رَبُّكَ وَ الْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا

[ترجمہ:] اور تمہارا رب جلوہ فرما ہوگا اِس حال میں کہ فرشتے صف در صف کھڑے ہوں گے

Al-Fajar (89) : 23

وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ وَ أَنَّى لَهُ الذِّكْرَى

[ترجمہ:] اور جہنم اُس روز سامنے لے آئی جائے گی، اُس دن انسان کو سمجھ آئے گی اور اس وقت اُس کے سمجھنے کا کیا حاصل؟

Al-Fajar (89) : 24

يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي

[ترجمہ:] وہ کہے گا کہ کاش میں نے اپنی اِس زندگی کے لیے کچھ پیشگی سامان کیا ہوتا!

Al-Fajar (89) : 25

فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] پھر اُس دن اللہ جو عذاب دے گا ویسا عذاب دینے والا کوئی نہیں

Al-Fajar (89) : 26

وَ لَا يُوثِقُ وَ ثَاقَهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] اور اللہ جیسا باندھے گا ویسا باندھنے والا کوئی نہیں

Al-Fajar (89) : 27

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ

[ترجمہ:] (دوسری طرف ارشاد ہوگا) اے نفس مطمئن!

◙ Al-Fajar (89) : 28

ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً

[ترجمہ:] چل اپنے رب کی طرف، اِس حال میں کہ تو (اپنے انجام نیک سے) خوش (اور اپنے رب کے نزدیک) پسندیدہ ہے

◙ Al-Fajar (89) : 29

فَادْخُلِي فِي عِبَادِي

[ترجمہ:] شامل ہو جا میرے (نیک) بندوں میں

◙ Al-Fajar (89) : 30

وَ ادْخُلِي جَنَّتِي

[ترجمہ:] اور داخل ہو جا میری جنت میں

13. Al-Balad (90) : ALL, [The Land]

◙ Al-Balad (90) : 1

لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ

[ترجمہ:] نہیں، میں قسم کھاتا ہوں اِس شہر کی

◙ Al-Balad (90) : 2

وَ أَنْتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ

[ترجمہ:] اور حال یہ ہے کہ (اے نبیؐ) اِس شہر میں تم کو حلال کر لیا گیا ہے

◙ Al-Balad (90) : 3

وَ وَالِدٍ وَ مَا وَلَدَ

[ترجمہ:] اور قسم کھاتا ہوں باپ کی اور اس اولاد کی جو اس سے پیدا ہوئی

◙ Al-Balad (90) : 4

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي كَبَدٍ

[ترجمہ:] درحقیقت ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا ہے

Al-Balad (90) : 5

أَيَحْسَبُ أَنْ لَنْ يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ

[ترجمہ:] کیا اُس نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ اُس پر کوئی قابو نہ پا سکے گا؟

Al-Balad (90) : 6

يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُبَدًا

[ترجمہ:] کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال اڑا دیا

Al-Balad (90) : 7

أَيَحْسَبُ أَنْ لَمْ يَرَهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] کیا وہ سمجھتا ہے کہ کسی نے اُس کو نہیں دیکھا؟

Al-Balad (90) : 8

أَلَمْ نَجْعَلْ لَهُ عَيْنَيْنِ

[ترجمہ:] کیا ہم نے اُسے دو آنکھیں

Al-Balad (90) : 9

وَ لِسَانًا وَ شَفَتَيْنِ

[ترجمہ:] اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟

Al-Balad (90) : 10

وَ هَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ

[ترجمہ:] اور دونوں نمایاں راستے اُسے (نہیں) دکھا دیے؟

Al-Balad (90) : 11

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ

[ترجمہ:] مگر اس نے دشوار گزار گھاٹی سے گزرنے کی ہمت نہ کی

Al-Balad (90) : 12

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ

[ترجمہ:] اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ دشوار گزار گھاٹی؟

Al-Balad (90) : 13

فَكُّ رَقَبَةٍ

[ترجمہ:] کسی گردن کو غلامی سے چھڑانا

Al-Balad (90) : 14

أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ

[ترجمہ:] یا فاقے کے دن

Al-Balad (90) : 15

يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ

[ترجمہ:] کسی قریبی یتیم

Al-Balad (90) : 16

أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ

[ترجمہ:] یا خاک نشین مسکین کو کھانا کھلانا

Al-Balad (90) : 17

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَ تَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ

[ترجمہ:] پھر (اس کے ساتھ یہ کہ) آدمی اُن لوگوں میں شامل ہو جو ایمان لائے اور جنہوں نے ایک دوسرے کو صبر اور (خلقِ خدا پر) رحم کی تلقین کی

Al-Balad (90) : 18

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ

[ترجمہ:] یہ لوگ ہیں دائیں بازو والے

Al-Balad (90) : 19

وَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ

[ترجمہ:] اور جنہوں نے ہماری آیات کو ماننے سے انکار کیا وہ بائیں بازو والے ہیں

Al-Balad (90) : 20

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ

[ترجمہ:] ان پر آگ چھائی ہوئی ہو گی

14. As-Shams (91) : ALL, [The Sun]

As-Shams (91) : 1

وَ الشَّمْسِ وَ ضُحَاهَا

[ترجمہ:] سورج اور اُس کی دھوپ کی قسم

As-Shams (91) : 2

وَ الْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا

[ترجمہ:] اور چاند کی قسم جبکہ وہ اُس کے پیچھے آتا ہے

As-Shams (91) : 3

وَ النَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا

[ترجمہ:] اور دن کی قسم جبکہ وہ (سورج کو) نمایاں کر دیتا ہے

As-Shams (91) : 4

وَ اللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا

[ترجمہ:] اور رات کی قسم جبکہ وہ (سورج کو) ڈھانک لیتی ہے

As-Shams (91) : 5

وَ السَّمَاءِ وَ مَا بَنَاهَا

[ترجمہ:] اور آسمان کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے قائم کیا

As-Shams (91) : 6

وَ الْأَرْضِ وَ مَا طَحَاهَا

[ترجمہ:] اور زمین کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے بچھایا

As-Shams (91) : 7

وَ نَفْسٍ وَ مَا سَوَّاهَا

[ترجمہ:] اور نفس انسانی کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے ہموار کیا

As-Shams (91) : 8

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَ تَقْوَاهَا

[ترجمہ:] پھر اُس کی بدی اور اُس کی پرہیز گاری اس پر الہام کر دی

As-Shams (91) : 9

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا

[ترجمہ:] یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے نفس کا تزکیہ کیا

As-Shams (91) : 10

وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا

[ترجمہ:] اور نامراد ہوا وہ جس نے اُس کو دبا دیا

As-Shams (91) : 11

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا

[ترجمہ:] ثمود نے اپنی سرکشی کی بنا پر جھٹلایا

As-Shams (91) : 12

إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا

[ترجمہ:] جب اُس قوم کا سب سے زیادہ شقی آدمی بپھر کر اٹھا

As-Shams (91) : 13

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيَاهَا

[ترجمہ:] تو اللہ کے رسول نے اُن لوگوں سے کہا کہ خبردار، اللہ کی اونٹنی کو (ہاتھ نہ لگانا) اور اُس کے پانی پینے (میں مانع نہ ہونا)

As-Shams (91) : 14

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوَّاهَا

[ترجمہ:] مگر انہوں نے اُس کی بات کو جھوٹا قرار دیا اور اونٹنی کو مار ڈالا آخر کار اُن کے گناہ کی پاداش میں ان کے رب نے ان پر ایسی آفت توڑی کہ ایک ساتھ سب کو پیوند خاک کر دیا

As-Shams (91) : 15

وَ لَا يَخَافُ عُقْبَاهَا

[ترجمہ:] اور اسے (اپنے اس فعل کے) کسی برے نتیجے کا کوئی خوف نہیں ہے

15. Al-Lail (92) : ALL, [The Night]

Al-Lail (92) : 1

وَ اللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى

[ترجمہ:] قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے

Al-Lail (92) : 2

وَ النَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى

[ترجمہ:] اور دن کی جبکہ وہ روشن ہو

Al-Lail (92) : 3

وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَ الْأُنْثَى

[ترجمہ:] اور اُس ذات کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا

Al-Lail (92) : 4

إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّى

[ترجمہ:] درحقیقت تم لوگوں کی کوششیں مختلف قسم کی ہیں

Al-Lail (92) : 5

فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَ اتَّقَى

[ترجمہ:] تو جس نے (راہ خدا میں) مال دیا اور (خدا کی نافرمانی سے) پرہیز کیا

Al-Lail (92) : 6

وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنَى

[ترجمہ:] اور بھلائی کو سچ مانا

Al-Lail (92) : 7

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى

[ترجمہ:] اس کو ہم آسان راستے کے لیے سہولت دیں گے

Al-Lail (92) : 8

وَ أَمَّا مَنْ بَخِلَ وَ اسْتَغْنَى

[ترجمہ:] اور جس نے بخل کیا اور (اپنے خدا سے) بے نیازی برتی

Al-Lail (92) : 9

وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنَى

[ترجمہ:] اور بھلائی کو جھٹلایا

Al-Lail (92) : 10

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى

[ترجمہ:] اس کو ہم سخت راستے کے لیے سہولت دیں گے

Al-Lail (92) : 11

وَ مَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى

[ترجمہ:] اور اُس کا مال آخر اُس کے کس کام آئے گا جبکہ وہ ہلاک ہو جائے؟

Al-Lail (92) : 12

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَى

[ترجمہ:] بے شک راستہ بتانا ہمارے ذمہ ہے

Al-Lail (92) : 13

وَ إِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَ الْأُولَى

[ترجمہ:] اور در حقیقت آخرت اور دنیا، دونوں کے ہم ہی مالک ہیں

Al-Lail (92) : 14

فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّى

[ترجمہ:] پس میں نے تم کو خبر دار کر دیا ہے بھڑکتی ہوئی آگ سے

Al-Lail (92) : 15

لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى

[ترجمہ:] اُس میں نہیں جھلسے گا مگر وہ انتہائی بد بخت

Al-Lail (92) : 16

الَّذِي كَذَّبَ وَ تَوَلَّى

[ترجمہ:] جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا

Al-Lail (92) : 17

وَ سَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى

[ترجمہ:] اور اُس سے دور رکھا جائیگا وہ نہایت پرہیز گار

◙ Al-Lail (92) : 18

الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى

[ترجمہ:] جو پاکیزہ ہونے کی خاطر اپنا مال دیتا ہے

◙ Al-Lail (92) : 19

وَ مَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَى

[ترجمہ:] اُس پر کسی کا کوئی احسان نہیں ہے جس کا بدلہ اُسے دینا ہو

◙ Al-Lail (92) : 20

إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى

[ترجمہ:] وہ تو صرف اپنے رب برتر کی رضا جوئی کے لیے یہ کام کرتا ہے

◙ Al-Lail (92) : 21

وَ لَسَوْفَ يَرْضَى

[ترجمہ:] اور ضرور وہ (اُس سے) خوش ہو گا

16. Ad-Duha (93) : ALL, [Morning Light]

◙ Ad-Duha (93) : 1

وَ الضُّحَى

[ترجمہ:] قسم ہے روز روشن کی

◙ Ad-Duha (93) : 2

وَ اللَّيْلِ إِذَا سَجَى

[ترجمہ:] اور رات کی جبکہ وہ سکون کے ساتھ طاری ہو جائے

◙ Ad-Duha (93) : 3

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَ مَا قَلَى

[ترجمہ:] (اے نبیؐ) تمہارے رب نے تم کو ہر گز نہیں چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا

◙ Ad-Duha (93) : 4

وَ لَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْأُولَى

[ترجمہ:] اور یقیناً تمہارے لیے بعد کا دور پہلے دور سے بہتر ہے

◙ Ad-Duha (93) : 5

وَ لَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى

[ترجمہ:] اور عنقریب تمہارا رب تم کو اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے

◙ Ad-Duha (93) : 6

أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَى

[ترجمہ:] کیا اس نے تم کو یتیم نہیں پایا اور پھر ٹھکانا فراہم کیا؟

◙ Ad-Duha (93) : 7

وَ وَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَى

[ترجمہ:] اور تمہیں ناواقف راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی

◙ Ad-Duha (93) : 8

وَ وَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَى

[ترجمہ:] اور تمہیں نادار پایا اور پھر مالدار کر دیا

◙ Ad-Duha (93) : 9

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ

[ترجمہ:] لہٰذا یتیم پر سختی نہ کرو

◙ Ad-Duha (93) : 10

وَ أَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ

[ترجمہ:] اور سائل کو نہ جھڑکو

◙ Ad-Duha (93) : 11

وَ أَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ

[ترجمہ:] اور اپنے رب کی نعمت کا اظہار کرو

17. Al-Sharah (94) : ALL, [The Soothing]

◙ Al-Sharah (94) : 1

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ

[ترجمہ:] (اے نبیؐ) کیا ہم نے تمہارا سینہ تمہارے لیے کھول نہیں دیا؟

◙ Al-Sharah (94) : 2

وَ وَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ

[ترجمہ:] اور تم پر سے وہ بھاری بوجھ اتار دیا

◙ Al-Sharah (94) : 3

الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ

[ترجمہ:] جو تمہاری کمر توڑے ڈال رہا تھا

◙ Al-Sharah (94) : 4

وَ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

[ترجمہ:] اور تمہاری خاطر تمہارے ذکر کا آوازہ بلند کر دیا

◙ Al-Sharah (94) : 5

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا

[ترجمہ:] پس حقیقت یہ ہے کہ تنگی کے ساتھ فراخی بھی ہے

◙ Al-Sharah (94) : 6

إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا

[ترجمہ:] بے شک تنگی کے ساتھ فراخی بھی ہے

Al-Sharah (94) : 7

فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ

[ترجمہ:] لہٰذا جب تم فارغ ہو تو عبادت کی مشقت میں لگ جاؤ

Al-Sharah (94) : 8

وَ إِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ

[ترجمہ:] اور اپنے رب ہی کی طرف راغب ہو

18. At-Teen (95) : ALL, [The Fig]

At-Teen (95) : 1

وَ التِّينِ وَ الزَّيْتُونِ

[ترجمہ:] قسم ہے انجیر اور زیتون کی

At-Teen (95) : 2

وَ طُورِ سِينِينَ

[ترجمہ:] اور طور سینا کی

At-Teen (95) : 3

وَ هَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ

[ترجمہ:] اور اِس پر امن شہر (مکہ) کی

At-Teen (95) : 4

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ

[ترجمہ:] ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا

At-Teen (95) : 5

ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ

[ترجمہ:] پھر اُسے الٹا پھیر کر ہم نے سب نیچوں سے نیچ کر دیا

At-Teen (95) : 6

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ

[ترجمہ:] سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ ان کے لیے کبھی ختم نہ ہونے والا اجر ہے

At-Teen (95) : 7

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ

[ترجمہ:] پس (اے نبیؐ) اس کے بعد کون جزا و سزا کے معاملہ میں تم کو جھٹلا سکتا ہے؟

At-Teen (95) : 8

أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ

[ترجمہ:] کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

19. Al-Alaq (96) : ALL, [The Clot]

Al-Alaq (96) : 1

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

[ترجمہ:] پڑھو (اے نبیؐ) اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا

Al-Alaq (96) : 2

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ

[ترجمہ:] جمے ہوئے خون کے ایک لوتھڑے سے انسان کی تخلیق کی

Al-Alaq (96) : 3

اقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْأَكْرَمُ

[ترجمہ:] پڑھو، اور تمہارا رب بڑا کریم ہے

Al-Alaq (96) : 4

الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ

[ترجمہ:] جس نے قلم کے ذریعہ سے علم سکھایا

Al-Alaq (96) : 5

عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

[ترجمہ:] انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا

Al-Alaq (96) : 6

كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، انسان سرکشی کرتا ہے

Al-Alaq (96) : 7

أَنْ رَآهُ اسْتَغْنَى

[ترجمہ:] اِس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز دیکھتا ہے

Al-Alaq (96) : 8

إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى

[ترجمہ:] پلٹنا یقیناً تیرے رب ہی کی طرف ہے

Al-Alaq (96) : 9

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى

[ترجمہ:] تم نے دیکھا اُس شخص کو

Al-Alaq (96) : 10

عَبْدًا إِذَا صَلَّى

[ترجمہ:] جو ایک بندے کو منع کرتا ہے جبکہ وہ نماز پڑھتا ہو؟

Al-Alaq (96) : 11

أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَى الْهُدَى

[ترجمہ:] تمہارا کیا خیال ہے اگر (وہ بندہ) راہ راست پر ہو

Al-Alaq (96) : 12

أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَى

[ترجمہ:] یا پرہیز گاری کی تلقین کرتا ہو؟

Al-Alaq (96) : 13

أَرَأَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّى

[ترجمہ:] تمہارا کیا خیال ہے اگر (یہ منع کرنے والا شخص حق کو) جھٹلاتا اور منہ موڑتا ہو؟

Al-Alaq (96) : 14

أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى

[ترجمہ:] کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟

Al-Alaq (96) : 15

كَلَّا لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، اگر وہ باز نہ آیا تو ہم اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر اسے کھینچیں گے

Al-Alaq (96) : 16

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ

[ترجمہ:] اُس پیشانی کو جو جھوٹی اور سخت خطا کار ہے

Al-Alaq (96) : 17

فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ

[ترجمہ:] وہ بلا لے اپنے حامیوں کی ٹولی کو

Al-Alaq (96) : 18

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ

[ترجمہ:] ہم بھی عذاب کے فرشتوں کو بلا لیں گے

◙ Al-Alaq (96) : 19

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، اُس کی بات نہ مانو اور سجدہ کرو اور (اپنے رب کا) قرب حاصل کرو

20. Al-Qadar (97) : ALL, [Decree]

◙ Al-Qadar (97) : 1

إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ

[ترجمہ:] ہم نے اِس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا ہے

◙ Al-Qadar (97) : 2

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ

[ترجمہ:] اور تم کیا جانو کہ شب قدر کیا ہے؟

◙ Al-Qadar (97) : 3

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ

[ترجمہ:] شب قدر ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے

◙ Al-Qadar (97) : 4

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ

[ترجمہ:] فرشتے اور روح اُس میں اپنے رب کے اذن سے ہر حکم لے کر اترتے ہیں

◙ Al-Qadar (97) : 5

سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

[ترجمہ:] وہ رات سراسر سلامتی ہے طلوع فجر تک

21. Al-Bayyinah (98) : ALL, [Clear Evidence]

◙ Al-Bayyinah (98) : 1

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَ الْمُشْرِكِينَ مُنْفَكِّينَ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ

[ترجمہ:] اہل کتاب اور مشرکین میں سے جو لوگ کافر تھے (وہ اپنے کفر سے) باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس دلیل روشن نہ آجائے

Al-Bayyinah (98) : 2

رَسُولٌ مِنَ اللّٰهِ يَتْلُو صُحُفًا مُطَهَّرَةً

[ترجمہ:] (یعنی) اللہ کی طرف سے ایک رسول جو پاک صحیفے پڑھ کر سنائے

Al-Bayyinah (98) : 3

فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ

[ترجمہ:] جن میں بالکل راست اور درست تحریریں لکھی ہوئی ہوں

Al-Bayyinah (98) : 4

وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ

[ترجمہ:] پہلے جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی اُن میں تفرقہ برپا نہیں ہوا مگر اِس کے بعد کہ اُن کے پاس (راہ راست) کا بیان واضح آ چکا تھا

Al-Bayyinah (98) : 5

وَ مَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَ يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَ ذَلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ

[ترجمہ:] اور اُن کو اِس کے سوا کوئی علم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ کی بندگی کریں اپنے دین کو اُس کے لیے خالص کر کے، بالکل یکسو ہو کر، اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں یہی نہایت صحیح و درست دین ہے

Al-Bayyinah (98) : 6

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أُولَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ

[ترجمہ:] اہل کتاب اور مشرکین میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ یقیناً جہنم کی آگ میں جائیں گے اور ہمیشہ اس میں رہیں گے، یہ لوگ بدترین خلائق ہیں

Al-Bayyinah (98) : 7

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ

[ترجمہ:] جو لوگ ایمان لے آئے اور جنہوں نے نیک عمل کیے، وہ یقیناً بہترین خلائق ہیں

◙ Al-Bayyinah (98) : 8

جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوا عَنْهُ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ

[ترجمہ:] اُن کی جزا اُن کے رب کے ہاں دائمی قیام کی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے یہ کچھ ہے اُس شخص کے لیے جس نے اپنے رب کا خوف کیا ہو

22. Az-Zalzalah (99) : ALL, [The Quake]

◙ Al-Zalzalah (99) : 1

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا

[ترجمہ:] جب زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی

◙ Al-Zalzalah (99) : 2

وَ أَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا

[ترجمہ:] اور زمین اپنے اندر کے سارے بوجھ نکال کر باہر ڈال دے گی

◙ Al-Zalzalah (99) : 3

وَ قَالَ الْإِنْسَانُ مَا لَهَا

[ترجمہ:] اور انسان کہے گا کہ یہ اِس کو کیا ہو رہا ہے

◙ Al-Zalzalah (99) : 4

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا

[ترجمہ:] اُس روز وہ اپنے (اوپر گزرے ہوئے) حالات بیان کرے گی

◙ Al-Zalzalah (99) : 5

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا

[ترجمہ:] کیونکہ تیرے رب نے اُسے (ایسا کرنے کا) حکم دیا ہو گا

◙ Al-Zalzalah (99) : 6

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ

[ترجمہ:] اُس روز لوگ متفرق حالت میں پلٹیں گے تا کہ اُن کے اعمال اُن کو دکھائے جائیں

◙ Al-Zalzalah (99) : 7

فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ

[ترجمہ:] پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا

◙ Al-Zalzalah (99) : 8

وَ مَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ

[ترجمہ:] اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا

23. Al-Aadiyat (100) : ALL, [The Racers]

◙ Al-Aadiyat (100) : 1

وَ الْعَادِيَاتِ ضَبْحًا

[ترجمہ:] قسم ہے اُن (گھوڑوں) کی جو پھنکارے مارتے ہوئے دوڑتے ہیں

◙ Al-Aadiyat (100) : 2

فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا

[ترجمہ:] پھر (اپنی ٹاپوں سے) چنگاریاں جھاڑتے ہیں

◙ Al-Aadiyat (100) : 3

فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا

[ترجمہ:] پھر صبح سویرے چھاپہ مارتے ہیں

◙ Al-Aadiyat (100) : 4

فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا

[ترجمہ:] پھر اس موقع پر گرد و غبار اڑاتے ہیں

Al-Aadiyat (100) : 5

فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا

[ترجمہ:] پھر اِسی حالت میں کسی مجمع کے اندر جا گھستے ہیں

Al-Aadiyat (100) : 6

إِنَّ الْإِنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے

Al-Aadiyat (100) : 7

وَ إِنَّهُ عَلَى ذَلِكَ لَشَهِيدٌ

[ترجمہ:] اور وہ خود اِس پر گواہ ہے

Al-Aadiyat (100) : 8

وَ إِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ

[ترجمہ:] اور وہ مال و دولت کی محبت میں بری طرح مبتلا ہے

مال و دولت کی محبت ؟

Al-Aadiyat (100) : 9

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ

[ترجمہ:] تو کیا وہ اُس حقیقت کو نہیں جانتا جب قبروں میں جو کچھ (مدفون) ہے اُسے نکال لیا جائے گا

Al-Aadiyat (100) : 10

وَ حُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ

[ترجمہ:] اور سینوں میں جو کچھ (مخفی) ہے اُسے برآمد کر کے اس کی جانچ پڑتال کی جائے گی؟

Al-Aadiyat (100) : 11

إِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَخَبِيرٌ

[ترجمہ:] یقیناً اُن کا رب اُس روز اُن سے خوب باخبر ہو گا

24. Al-Qaariah (101) : ALL, [The Shocker]

◙ Al-Qaariah (101) : 1

الْقَارِعَةُ

[ترجمہ:] عظیم حادثہ!

◙ Al-Qaariah (101) : 2

مَا الْقَارِعَةُ

[ترجمہ:] کیا ہے وہ عظیم حادثہ؟

◙ Al-Qaariah (101) : 3

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ

[ترجمہ:] تم کیا جانو کہ وہ عظیم حادثہ کیا ہے؟

◙ Al-Qaariah (101) : 4

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ

[ترجمہ:] وہ دن جب لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح

◙ Al-Qaariah (101) : 5

وَ تَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ

[ترجمہ:] اور پہاڑ رنگ برنگ کے دھنکے ہوئے اون کی طرح ہوں گے

◙ Al-Qaariah (101) : 6

فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ

[ترجمہ:] پھر جس کے پلڑے بھاری ہوں گے

◙ Al-Qaariah (101) : 7

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ

[ترجمہ:] وہ دل پسند عیش میں ہو گا

Al-Qaariah (101) : 8

وَ أَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ

[ترجمہ:] اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے

Al-Qaariah (101) : 9

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ

[ترجمہ:] اس کی جائے قرار گہری کھائی ہو گی

Al-Qaariah (101) : 10

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ

[ترجمہ:] اور تمہیں کیا خبر کہ وہ کیا چیز ہے؟

Al-Qaariah (101) : 11

نَارٌ حَامِيَةٌ

[ترجمہ:] بھڑکتی ہوئی آگ

25. At-Takasur (102) : ALL, [Abundance]

At-Takasur (102) : 1

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ

[ترجمہ:] تم لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اور ایک دوسرے سے بڑھ کر دنیا حاصل کرنے کی دھن نے غفلت میں ڈال رکھا ہے

At-Takasur (102) : 2

حَتَّى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ

[ترجمہ:] یہاں تک کہ (اسی فکر میں) تم لب گور تک پہنچ جاتے ہو

At-Takasur (102) : 3

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا

At-Takasur (102) : 4

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] پھر (سن لو کہ) ہر گز نہیں، عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا

At-Takasur (102) : 5

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، اگر تم یقینی علم کی حیثیت سے (اِس روش کے انجام کو) جانتے ہوتے (تو تمہارا یہ طرز عمل نہ ہوتا)

At-Takasur (102) : 6

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ

[ترجمہ:] تم دوزخ دیکھ کر رہو گے

At-Takasur (102) : 7

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ

[ترجمہ:] پھر (سن لو کہ) تم بالکل یقین کے ساتھ اُسے دیکھ لو گے

At-Takasur (102) : 8

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ

[ترجمہ:] پھر ضرور اُس روز تم سے اِن نعمتوں کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی

26. Al-Asar (103) : ALL, [Time]

Al-Asar (103) : 1

وَ الْعَصْرِ

[ترجمہ:] زمانے کی قسم

Al-Asar (103) : 2

إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ

[ترجمہ:] انسان درحقیقت بڑے خسارے میں ہے

◙ Al-Asar (103) : 3

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

[ترجمہ:] سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے، اور نیک اعمال کرتے رہے، اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کرتے رہے

27. Al-Humazah (104) : ALL, [The Backbiter]

◙ Al-Humazah (104) : 1

وَيْلٌ لِكُلِّ هُمَزَةٍ لُمَزَةٍ

[ترجمہ:] تباہی ہے ہر اُس شخص کے لیے جو (منہ در منہ) لوگوں پر طعن اور (پیٹھ پیچھے) برائیاں کرنے کا خوگر ہے

◙ Al-Humazah (104) : 2

الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ

[ترجمہ:] جس نے مال جمع کیا اور اُسے گن گن کر رکھا

◙ Al-Humazah (104) : 3

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ

[ترجمہ:] وہ سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ اُس کے پاس رہے گا

◙ Al-Humazah (104) : 4

كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، وہ شخص تو چکنا چور کر دینے والی جگہ میں پھینک دیا جائے گا

◙ Al-Humazah (104) : 5

وَ مَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ

[ترجمہ:] اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ چکنا چور کر دینے والی جگہ ؟

Al-Humazah (104) : 6

نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ

[ترجمہ:] اللہ کی آگ، خوب بھڑکائی ہوئی

Al-Humazah (104) : 7

الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ

[ترجمہ:] جو دلوں تک پہنچے گی

Al-Humazah (104) : 8

إِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُؤْصَدَةٌ

[ترجمہ:] وہ اُن پر ڈھانک کر بند کر دی جائے گی

Al-Humazah (104) : 9

فِي عَمَدٍ مُمَدَّدَةٍ

[ترجمہ:] (اِس حالت میں کہ وہ) اونچے اونچے ستونوں میں (گھرے ہوئے ہوں گے)

28. Al-Feel (105) : ALL, [The Elephant]

Al-Feel (105) : 1

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ

[ترجمہ:] تم نے دیکھا نہیں کہ تمہارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟

Al-Feel (105) : 2

أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ

[ترجمہ:] کیا اُس نے اُن کی تدبیر کو اکارت نہیں کر دیا؟

Al-Feel (105) : 3

وَ أَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ

[ترجمہ:] اور اُن پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیے

◙ Al-Feel (105) : 4

تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ

[ترجمہ:] جو اُن پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر پھینک رہے تھے

◙ Al-Feel (105) : 5

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَأْكُولٍ

[ترجمہ:] پھر اُن کا یہ حال کر دیا جیسے جانوروں کا کھایا ہوا بھوسا

29. Quraish (106) : ALL, [Quraish]

◙ Quraish (106) : 1

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ

[ترجمہ:] چونکہ قریش مانوس ہوئے

◙ Quraish (106) : 2

إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَ الصَّيْفِ

[ترجمہ:] (یعنی) جاڑے اور گرمی کے سفروں سے مانوس

◙ Quraish (106) : 3

فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَذَا الْبَيْتِ

[ترجمہ:] لہٰذا اُن کو چاہیے کہ اِس گھر کے رب کی عبادت کریں

◙ Quraish (106) : 4

الَّذِي أَطْعَمَهُمْ مِنْ جُوعٍ وَ آمَنَهُمْ مِنْ خَوْفٍ

[ترجمہ:] جس نے اُنہیں بھوک سے بچا کر کھانے کو دیا اور خوف سے بچا کر امن عطا کیا

30. Al-Maoon (107) : ALL, [Assistance]

◙ Al-Maoon (107) : 1

أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ

[ترجمہ:] تم نے دیکھا اُس شخص کو جو آخرت کی جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟

◙ Al-Maoon (107) : 2

فَذَلِكَ الَّذِي يَدُعُّ الْيَتِيمَ

[ترجمہ:] وہی تو ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے

◙ Al-Maoon (107) : 3

وَ لَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ

[ترجمہ:] اور مسکین کو کھانا دینے پر نہیں اکساتا

◙ Al-Maoon (107) : 4

فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ

[ترجمہ:] پھر تباہی ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے لیے

◙ Al-Maoon (107) : 5

الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ

[ترجمہ:] جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں

◙ Al-Maoon (107) : 6

الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ

[ترجمہ:] جو ریاکاری کرتے ہیں

◙ Al-Maoon (107) : 7

وَ يَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ

[ترجمہ:] اور معمولی ضرورت کی چیزیں (لوگوں کو) دینے سے گریز کرتے ہیں

31. Al-Kausar (108) : ALL, [Plenty]

◙ Al-Kausar (108) : 1

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ

[ترجمہ:] (اے نبیؐ) ہم نے تمہیں کوثر عطا کر دیا

◙ Al-Kausar (108) : 2

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

[ترجمہ:] پس تم اپنے رب ہی کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو

◙ Al-Kausar (108) : 3

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ

[ترجمہ:] تمہارا دشمن ہی جڑ کٹا ہے

32. Al-Kafiroon (109) : ALL, [The Disbelievers]

◙ Al-Kafiroon (109) : 1

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ

[ترجمہ:] کہہ دو کہ اے کافرو

◙ Al-Kafiroon (109) : 2

لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ

[ترجمہ:] میں اُن کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو

◙ Al-Kafiroon (109) : 3

وَ لَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ

[ترجمہ:] اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں

◙ Al-Kafiroon (109) : 4

وَ لَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ

[ترجمہ:] اور نہ میں اُن کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم نے کی ہے

◙ Al-Kafiroon (109) : 5

وَ لَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ

[ترجمہ:] اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں

◙ Al-Kafiroon (109) : 6

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ

[ترجمہ:] تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین

33. Al-Nasr (110) : ALL

◙ An-Nasr (110) : 1

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَ الْفَتْحُ

[ترجمہ:] جب اللہ کی مدد آ جائے اور فتح نصیب ہو جائے

◙ An-Nasr (110) : 2

وَ رَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ أَفْوَاجًا

[ترجمہ:] اور (اے نبیؐ) تم دیکھ لو کہ لوگ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں

◙ An-Nasr (110) : 3

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ اسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا

[ترجمہ:] تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرو، اور اُس سے مغفرت کی دعا مانگو، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے

34. Lahab (111) : ALL, (At-Tabat/Al-Massad) [Thorns]

◙ Lahab (111) : 1

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَ تَبَّ

[ترجمہ:] ٹوٹ گئے ابو لہب کے ہاتھ اور نامراد ہو گیا وہ

◙ Lahab (111) : 2

مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَ مَا كَسَبَ

[ترجمہ:] اُس کا مال اور جو کچھ اس نے کمایا وہ اُس کے کسی کام نہ آیا

◙ Lahab (111) : 3

سَيَصْلَى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ

[ترجمہ:] ضرور وہ شعلہ زن آگ میں ڈالا جائے گا

◙ Lahab (111) : 4

وَ امْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ

[ترجمہ:] اور (اُس کے ساتھ) اُس کی جورو بھی، لگائی بجھائی کرنے والی

◙ Lahab (111) : 5

فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِنْ مَسَدٍ

[ترجمہ:] اُس کی گردن میں مونجھ کی رسی ہو گی

35. Al-Ikhlas (112) : ALL, [Monotheism]

◙ Al-Ikhlas (112) : 1

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] کہو، وہ اللہ ہے، یکتا

◙ Al-Ikhlas (112) : 2

اللّٰهُ الصَّمَدُ

[ترجمہ:] اللہ سب سے بے نیاز ہے اور سب اس کے محتاج ہیں

◙ Al-Ikhlas (112) : 3

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ

[ترجمہ:] نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد

◙ Al-Ikhlas (112) : 4

وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ

[ترجمہ:] اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے

36. Al-Falaq (113) : ALL, [Daybreak]

◙ Al-Falaq (113) : 1

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

[ترجمہ:] کہو، میں پناہ مانگتا ہوں صبح کے رب کی

◙ Al-Falaq (113) : 2

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

[ترجمہ:] ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی ہے

◙ Al-Falaq (113) : 3

وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ

[ترجمہ:] اور رات کی تاریکی کے شر سے جب کہ وہ چھا جائے

◙ Al-Falaq (113) : 4

وَ مِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ

[ترجمہ:] اور گرہوں میں پھونکنے والوں (یا والیوں) کے شر سے

◙ Al-Falaq (113) : 5

وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ

[ترجمہ:] اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرے

37. An-Naas (114) : ALL, [Mankind]

◙ An-Naas (114) : 1

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ

[ترجمہ:] کہو، میں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے رب

◙ An-Naas (114) : 2

مَلِكِ النَّاسِ

[ترجمہ:] انسانوں کے بادشاہ

◙ An-Naas (114) : 3

إِلَهِ النَّاسِ

[ترجمہ:] انسانوں کے حقیقی معبود کی

An-Naas (114) : 4

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ

[ترجمہ:] اُس وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے جو بار بار پلٹ کر آتا ہے

An-Naas (114) : 5

الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ

[ترجمہ:] جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے

An-Naas (114) : 6

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

[ترجمہ:] خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے

Khatme Quran ki Dua!

دُعَآءُ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ ؕ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ؕ

اے اللہ! (اس قرآن کو) قبر کی وحشت وتنہائی میں میرا مونس وغمخوار بنا۔ اے اللہ! قرآن عظیم کے وسیلہ سے مجھ پر رحم فرما اور اسے میرے

وَاجْعَلْهُ لِیْۤ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًی وَّرَحْمَةً ؕ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِیْ مِنْهُ

لئے پیشوا، منبع نور، سرچشمہ ہدایت اور خزینۂ رحمت بنا۔ اے اللہ اس میں سے جو کچھ میں بھول گیا ہوں مجھے یاد دلا دے اور اس میں سے جو

مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَهٗۤ اٰنَآءَ الَّیْلِ

کچھ میں نہیں جانتا مجھے وہ بھی سکھا دے اور رات اور دن کی ساعتوں میں مجھے تلاوتِ قرآن کی توفیق عطا فرما اور اے تمام جہانوں کے

وَاٰنَآءَ النَّهَارِ ؕ وَاجْعَلْهُ لِیْ حُجَّةً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اٰمِیْنَ ؕ

پروردگار! اس قرآن کو روزِ قیامت میرے لئے (بخشش ومغفرت کی) دلیل بنا دے۔ مولا میری دعا قبول فرما۔

CREDITS:

Current Maintainer:
Engr. Khurram Mahmood (makhmct “AT” hotmail “DOT” com)

Previous Maintainer:
N/A

Contributors / Support:
Sir Nasir Mughal
Sister Anam
Sir Abdul Ghaffar
Khalid Mehmood
Sir Shah Zaman
Sister Maryam
AMCC Volunteers

[NOTE:]

1. Please FEEDBACK to us for any corrections or weakness or suggestions or feedback so we can improve to deliver our Course! It shall be very kind of you, please feel free to let us know!

LICENSE:

Compiled by: **Engr. Khurram Mahmood**

Revision: **4**, History: **4,** Sub-Rev.: **Public_Edition Point-Release-1.3**

First Edit: **2020-03-01**

Last Edit: **2022-05-08**

Released under: **CC BY-SA 4.0**
(You can copy paste, but refer to the Original Author: As-Sheikh M. Ameen Sb)